حکیم عبدالرشید شاہد

یرقان

کیفیت: یرقان کے مریض کی آنکھیں زرد یعنی پیلی ہو جاتی ہیں۔ شدید حالت میں مریض کو ہر چیز زرد دکھائی دیتی ہے۔ سب سے پہلے پیشاب کا رنگ سرخی زردی مائل ہوتا ہے' پھر آنکھیں زرد ہو جاتی ہیں اور پاخانہ سفید رنگ کا آتا ہے۔

یرقان کے اسباب: موسم کی یکدم تبدیلی' گرمی خشکی کا بڑھ جانا' گرم خشک اشیا مثلاً" تیز مسالا دار' بھنے ہوئے سالن' انڈے' ساگ' گوشت' بینگن' کریلے' مچھلی' ٹماٹر وغیرہ کا کثرت سے استعمال یرقان کا سبب بنتا ہے۔

علاج: حسب ذیل نسخہ بنا کر استعمال کریں:

نسخہ: قلمی شورہ ۲۰ تولہ' پھٹکڑی ۲۰ تولہ' ہیرا کسیس ۲۰ تولہ۔ تینوں کو ایک مٹی کی کوجی میں ڈال کر منہ اور ساری کوجی کو چکنی مٹی سے اچھی طرح بند کرلیں اور خشک کر کے کوجی کو ۵ سیر اوپلوں کے درمیان رکھ کر آگ لگا دیں۔ صبح ٹھنڈا ہونے پر نکال کر کوجی کے ساتھ جو کچھ سرخی مائل تہہ جمی ہو' اتار لیں اور اچھی طرح پیس کر محفوظ کرلیں۔

خوراک ۳ ماشہ ہمراہ شربت زرشک ۷ تولہ حسب ضرورت پانی ملا کر استعمال کریں۔

شربت: زرشک ۵ تولہ' پھول گلاب ۵ تولہ' آلو بخارا ۵ تولہ۔ رات کو ۲ کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح آگ پر جوش دیں۔ جب پانی ایک کلو رہ جائے تو ہاتھوں کے ساتھ مل کر چھان لیں اور پانی کو دوبارہ آگ پر رکھ کر ڈیڑھ کلو چینی ڈال کر شربت تیار کرلیں۔